GOVERNMENT OF PAKISTAN

PAKISTAN BAIT-UL-MAL

(An ISO 9001:2015 Certified Public Sector Organization)

(MINISTRY OF POVERTY ALLEVIATION & SOCIAL SAFETY)

E ٹینڈر نوٹس

1۔ پاکستان بیت المال وفاقی حکومت کا ایک کارپوریٹ ادارہ ہے۔ پاکستان بیت المال نے صوبہ خیبر پختونخواہ میں یتیم بچوں کی کفالت کے لئے پاکستان سویٹ ہوم قائم کئے ہیں۔ یہ مراکز مردان، سوات، کوہاٹ، مانسہرہ، شانگلہ، خیبر، بنوں اور باجوڑ کے اضلاع میں موجود ہیں۔ ہر مرکز میں 100 بچے زیرِ کفالت ہیں۔ درج بالا مراکز میں مقیم بچوں کے لئے Dress / Cloth Items کی فراہمی کے لئے، جسکی تفصیلات یعنی رنگ، تعداد، معیار وغیرہ ٹینڈر فارم میں موجود ہیں، پاکستان بیت المال صوبائی دفتر خیبر پختونخواہ تمام سیلز ٹیکس اور انکم ٹیکس ڈیپارٹمنٹس (FBR وغیرہ) سے رجسٹرڈ firms کو تکنیکی/مالی بولی (single stage two envelope procedure) کی دعوت دیتا ہے۔ یہ سپلائی مالی سال 27-2026 میں دو مرتبہ (گرمی/سردی) ہوگی۔

2۔ ٹینڈر فارم جو کہ تفصیلی شرائط وضوابط، طریقہ خریداری، زرضمانت، ٹینڈر فارم لینے، جمع کرنے اور کھولنے کی حتمی تاریخ اور دوسری ضروری ہدایات پر مشتمل ہے، PPRA اور پاکستان بیت المال کی ویب سائٹ www.ppra.org.pk اور www.pbm.gov.pk پر بھی موجود ہے۔

3۔ E-Bids پیپرا قواعد وضوابط اور ٹینڈر کاغذات میں دی گئی ہدایات کے مطابق تیار کی گئی تجاویز (تکنیکی اور مالی) 10-12-2026 دن 11:00 بجے تک EPADS (E-Pak Acquisition & Disposal System, version 2.0) (www.epads.gov.pk) پر جمع کروائی جاسکیں گی۔ جس کے ساتھ CDR مبلغ -/360,000 (قابل واپسی/بلاسود) روپے بطورِ زرضمانت بحق ڈائریکٹر پاکستان بیت المال، خیبر پختونخواہ پشاور لف ہونا چاہیے۔ اور اصل CDR صوبائی دفتر پشاور میں 10-12-2026 دن 11:00 بجے تک جمع کرانا ہوگا۔

4۔ تکنیکی بولیاں اسی دن 11:30 بجے پاکستان بیت المال صوبائی دفتر، خیبر پختونخواہ میں کھولی جائیں گی۔ Firms کو Dress / Cloth Items کے نمونہ جات تکنیکی تجاویز کھلنے کے دن ٹینڈر کے ساتھ جمع کرانے ہونگے۔ جبکہ مالی بولیاں (Financial Bids) کھولنے کی تاریخ کے بارے میں کامیاب تکنیکی بولی دہندگان کو بعد میں مطلع کیا جائے گا۔ کامیاب بولی دہندہ کا جائزہ آئٹم کے لحاظ سے کم ترین لاگت کی بنیاد پر کیا جائے گا۔

5۔ منظور شدہ/کامیاب فرم 30 جون 2027 تک منظور شدہ ریٹ پر مال فراہم کرنے کا پابند ہوگا۔ پاکستان بیت المال ضروریات کیمطابق مقدار میں کسی بھی وقت کمی یا بیشی کرنے اور PPRA کے قواعد کے تحت کسی بھی یا تمام بولیوں کو مسترد کرنیکا حق محفوظ رکھتا ہے۔

ڈائریکٹر

پاکستان بیت المال صوبائی دفتر، خیبر پختونخواہ

اسماعیل پلازہ، پلاٹ نمبر 11، قافلہ روڈ، نزد گورا قبرستان، پشت شیل پٹرول پمپ، یونیورسٹی روڈ، پشاور۔

فون نمبر: 091-9218021

PID (P) No. 247/26